سلسلہ نمبر ۵۷

بار اول ۳۳۰۰

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً ط (رواہ البخاری)

وعظ

آدابُ المساجد

از افادات

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

عنوانات و حواشی

مولانا خلیل احمد تھانوی

شعبہ نشر و اشاعت جامعہ دارُالعلوم الاسلامیہ

کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور ۱۸

فون پرانی انارکلی: ۷۳۵۳۷۲۸ کامران بلاک: ۴۴۸۰۶۰ — ۵۴۲۲۲۱۳

رمضان المبارک ۱۴۱۹ھ

جنوری ۱۹۹۹ء

www.ahnafmedia.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ نحمدہ ونستعینہ و نستغفرہ ونؤمن بہ و نتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ و من یضللہ فلا ھادی لہ و نشھد ان لا الہ الااللہ وحدہ لا شریک لہ و نشھد ان سیدنا و مولانا محمداً عبدہ و رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم.

امابعد: فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم. بسم اللہ الرحمن الرحیم. قال اللہ تعالیٰ (آیت) و من اظلم ممّن منع مساجد اللہ ان یذکر فیھا اسمہ و سعی فی خرابھا. اولئک ماکان لھم ان یدخلوھا الا خائفین. لھم فی الدنیا خزی ولھم فی الاخرۃ عذاب عظیم.

(اور اس شخص سے زیادہ اور ظالم کون ہوگا جو خدا تعالیٰ کی مسجدوں میں ان کا ذکر اور عبادت کیے جانے سے بندش کرے اور ان کے ویران اور معطل ہونے میں کوشش کرے ان لوگوں کو تو کبھی بے ہیبت ہو کر ان میں قدم بھی نہ رکھنا چاہئیے تھا بلکہ جب جاتے ہیبت اور آداب سے جاتے) ان لوگوں کو دنیا میں بھی رسوائی نصیب ہوگی اور ان کو آخرت میں بھی سزائے عظیم ہوگی)

عموم آیت

شان نزول میں گو اختلاف ہو مگر قدر مشترک[1] اتنا ضرور ہے کہ آیت عام

(۱) اس آیت کے شان نزول میں اگرچہ اختلاف ہے مگر اتنی بات ضرور ہے کہ اس میں ایک عام حکم بیان کیا جارہا ہے جو کافر اور مسلمان دونوں کو شامل ہے کہ مسجد میں ذکراللہ سے روکنے کا سبب چاہے کافر بنے یا مسلمان وہ بڑا ظالم ہے

www.ahnafmedia.com

اور شامل ہے تعطل مساجد کے بارے میں مسلم اور غیر مسلم کو جیسا آگے آتا ہے اور جملہ ما بعد اولئک ماکان لھم ان یدخلوھا الخ (ان لوگوں کو (بے ہیبت ہو کر) ان میں قدم رکھنا نہ چاہیئے تھا) گویا بطور دلیل کے ہے ما قبل کے لیے[1]۔ گویا یہ فرمایا گیا ہے کہ ان کو تو چاہیئے تھا کہ خود بھی جب مساجد میں داخل ہوتے تو خاشع و خاضع ہو کر داخل ہوتے نہ یہ کہ اور دوسرے آنے والوں کو جو ذاکرین مخلصین[2] ہیں ان کو بھی روکتے ہیں کیونکہ یہ فعل تو بے خوف ہونے کی اور بھی زیادہ علامت ہے اس لیے ایسا شخص بہت زیادہ ظالم ہوگا۔

شبہ اور اس کا جواب

یہاں پر ایک طالب علمانہ شبہ ہوتا ہے کہ یہ آیت تو کفار کے حق میں ہے اس کا مصداق و مخاطب مسلمانوں کو کیوں بنایا جاتا ہے تو اس کا جواب بطور اصولیین کے یہ دیا جاسکتا ہے کہ العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص المورد (اعتبار عموم لفظ کا ہے نہ خصوص مورد کا) اور اس کی نظیر[3] شرعی لعان وحد زنا ہے اور تمثیل عقلی یہ کہ اگر کوئی شخص اپنے کسی نوکر کو کسی بات پر سزا دے اور کہے کہ جو ایسی حرکت کرے گا اس کو ایسی سزا ہوگی تو اس کہنے کا سبب اس وقت یہ خاص نوکر ہے۔ مگر چونکہ الفاظ عام ہیں اس لیے دوسرے نوکر بھی اپنے لیے اس کو عبرت سمجھتے ہیں اور وہ کام نہیں کرتے مگر میرے نزدیک یہ قاعدہ اصولیہ کہ العبرة لعموم اللفظ الخ (اعتبار عموم لفظ کا ہے) اسی

---

(۱) ومن اظلم کے لیے بطور دلیل (۲) اخلاص سے ذکر کرنے والے (۳) اس کی مثال شرعی لعان (یعنی بیوی پر تہمت زنا لگانا) اور اس میں قسما قسمی ہونا اور واقعہ زنا میں حد لگنا بھی یہ بھی حکم خاص واقعات میں دیا گیا تھا لیکن حکم عام ہے کہ جو بھی اس فعل کا مرتکب ہو یہی سزا ہے

www.ahnafmedia.com

عموم کے ساتھ مقید[1] ہے جہاں تک مراد متکلم کی ہو اس کے آگے تجاوز کر کے زائد عموم کو شامل نہیں ہوسکتا اس کی نظیر حدیث لیس من البرّ الصیام فی السفر (سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے) کے باوجود لفظ کے عموم کے چونکہ مطلق کو عام ہونا[2] مراد متکلم کی نہیں ہے ہر مسافر کو شامل نہیں بلکہ صرف اسی کو جس کو خوف ہلاک وازدیاد[3] مرض ہو۔ دوسری نظیر یہ کہ اگر جنگل کوئی شخص کسی عالم سے رہن کا مسئلہ پوچھے تو وہ عالم بوجہ اطلاع عرف متعارف کے حکم منع ہی کا دے گا کیونکہ عرف رہن مع الانتفاع[4] ہی کا ہے اس لیے مراد یہی رہن خاص ہوگا گو فتوے کا لفظ ہوگا کہ رہن جائز نہیں۔ پس محض کسی لفظ کا عام ہونا دلیل ہر عموم کی نہیں ہے تاوقتیکہ قرائن مستقلہ[5] سے اس عموم کا مراد متکلم ہونا ثابت نہ ہوجائے۔

حاصل یہ کہ آیت میں لفظاً تعمیم نہیں مسلم[6] وغیر مسلم کی بلکہ آیت تو کفار ہی کے حق میں ہے کیونکہ جو منع خاص یہاں مراد ہے ایسا منع مخصوص ہے کفار سے مگر مسلمان کو یہ ذم[7] دوسری طرح سے شامل ہے۔

تخریب مسجد کے معنی

وہ یہ کہ منع کے بعد سعی فی خرابها (ان کی ویرانی میں کوشش کریں) فرمانا بطور تعلیل[8] کے ہے اور خراب مقابل عمارت[9] کا ہے اور عمارت مسجد کی ذکر و صلوٰۃ سے ہے۔ پس خراب یعنی ویرانی ایسے امر سے ہوگی جو منافی ہو ذکر و صلوٰۃ کے

---

(۱) اس قید کے ساتھ ہے کہ جہاں تک شارع نے اجازت دی ہو بالکل عموم مراد نہیں (۲) سب کو عام ہونا (۳) مرض بڑھنے کا خوف (۴) عام حالات رہن رکھنے میں مرہونہ چیز سے نفع حاصل کرنے کی ہے اس لیے اگر کوئی فتوی دے کہ رہن رکھنا جائز نہیں تو یہی صورت عرف کیوجہ سے مراد ہوگی یہ رہن نہیں (۵) تاوقتیکہ کسی مستقل دلیل سے متکلم کی مراد معلوم نہ ہو (۶) آیت مسلم وغیر مسلم کے لیے لفظ عام نہیں ہیں (۷) برائی (۸) علت کے (۹) تعمیر کا مد مقابل تخریب ہے

www.ahnafmedia.com

پس اگر مسلم سے مسجد میں کوئی فعل خلاف ذکر و صلوۃ ہو تو وہ بھی اس ملامت کا مورد[1] ہوگا بوجہ اشتراک علت کے رہا یہ کہ قیاس ظنی ہوتا ہے تو ذم یقینی نہیں جواب اس کا یہ ہے کہ قیاس ظنی جب ہوتا ہے کہ اس کی علت بھی ظنی ہو اور اگر علت منصوص علیہ[2] قطعی ہو جیسا کہ یہاں ہے تو قیاس بھی قطعی[3] ہوگا رہا یہ کہ مسلمان اگر ایسا فعل بھی کرے تو قصد[4] خرابی مسجد کا تو نہ ہوگا جو متبادر ہے سعی سے پھر اس کے کیسے شامل ہوا۔ جواب یہ ہے کہ اگر سعی خاص ہوتی مباشر کے ساتھ تو اس شبہہ کی گنجائش تھی۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سعی عام ہے مباشر اور مسبب کو دلیل اس کی یہ ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ میں خواب دیکھا (انبیاء علیہم السلام کا خواب بھی وحی ہے) کہ عمرہ کرنے کی غرض سے مکہ مکرمہ تشریف لائیے اور صحابہ سے آپ نے یہ خواب بیان کیا۔ گو اس میں یہ نہ تھا کہ اس سال ہوگا مگر شدت اشتیاق میں صحابہ نے سفر کی رائے دی اور آپ نے خوش خلقی سے قبول فرمایا تو کفار قریش نے آپ کو دخول مکہ مکرمہ سے روک دیا تو اللہ تعالیٰ نے اس روکنے کو مسجد کی ویرانی کا سبب قرار دے کر ان کو **وسعی فی خرابها** (اور ان کی ویرانی میں سعی کریں) کا مصداق بنایا حالانکہ کفار مکہ مکرمہ نہ صرف مسجد حرام بلکہ تمام حد حرم کی غایت تعظیم کرتے تھے اور عمارت بھی مگر بایں ہمہ[5] ان کو **وسعی فی خرابها** (اور ان کی ویرانی میں کوشش کریں) کا مصداق بنایا گیا۔ صرف اس لیے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ و صحابہ کرام کو کہ ذاکرین مخلصین تھے روکا پس اب بدلالۃ النص یہ بات ثابت ہو گئی کہ کوئی ایسا کام

---

(۱) علت کے مشترک ہونے کی وجہ سے اس پر بھی یہ ملامت لازم آئیگی (۲) اگر علت ایسی ہو جو آیت یا حدیث سے ثابت ہو (۳) پختہ ہوگا اور اس پر وہی حکم لگے گا علت کے اشتراک کی وجہ سے (۴) ارادہ (۵) اس سب کے باوجود

www.ahnafmedia.com

کرنا مسجد میں جس میں ذکر اللہ سے اس کا تعطل[1] ہو گو علی سبیل التسبب ہی سہی منع مساجد اللہ وسعی فی خرابها (اللہ تعالیٰ کی مسجدوں سے روکنا اور ان کی ویرانی میں کوشش کرنا) کا مصداق بنا ہے ورنہ کفار نے کوئی مسجد میں قفل[2] نہیں ڈالا تھا اور نہ مسجد میں بے تعظیمی کی تھی اور نہ عمارت میں کوئی خرابی کی تھی اور ظاہر ہے کہ مسجد میں بلا ضرورت دنیا کی باتیں کرنا دنیا کے کام کرنا نہ ذکر ہے نہ ذکر کے متعلق ہے اس لیے بلاشبہ معصیت[3] اور ظلم ہے۔

ذکر و تلاوت پر کچھ لینا جائز نہیں

پھر "ان یذکر" کی تقریب[4] سے فضیلت ذکر کے متعلق متعدد واقعات بیان کیے گئے اس میں یہ بھی بیان تھا کہ بعضے آدمی ذکر و تلاوت پر عوض دنیوی لیتے ہیں حالانکہ اللہ کا نام ایسا گراں مایہ ہے کہ دونوں عالم بھی اس کی قیمت نہیں ہو سکتے۔ اور یہ شعر پڑھا۔

قیمت خود ہر دو عالم گفتہ نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز

(تو نے اپنی قیمت دونوں جہاں بتلائی ہے نرخ بڑھاؤ ابھی ارزانی ہے)

مگر اس کا ذوق وہی پا سکتا ہے جو شناسا ہو۔

گفت لیلیٰ را خلیفہ کان توئی کز تو مجنوں شد پریشان غوی
از ہمہ خوبان تو افزوں نیستی گفت خامش چوں تو مجنوں نیستی
دیدہ مجنوں اگر بودے ترا ہر دو عالم بے خطر بودے ترا

---

(۱) جس کی وجہ سے لوگ ذکر کرنے سے رک جائیں (۲) تالہ (۳) گناہ (۴) آیت میں لفظ ان یذکر کی مناسبت سے حضرت نے ذکر کے فضائل پر کچھ واقعات بیان کیے جن کو ناقل نے طوالت کی وجہ سے نقل نہیں کیا صرف اس کی طرف اشارہ کر دیا

www.ahnafmedia.com

(لیلیٰ سے خلیفہ نے پوچھا وہ تو ہی ہے جس سے مجنوں پریشان اور عقل گم کردہ ہوگیا دوسرے حسینوں سے تو کسی بات میں زیادہ تو ہے نہیں اس نے جواب دیا جب تو مجنوں نہیں تو خاموش ہی رہ اگر تجھ کو مجنوں کی آنکھ میسر ہوتی تو اس وقت دونوں عالم تیرے نزدیک بے قدر معلوم ہوتے)

عجب داری ز سالکان طریق　　کہ باشند در بحر معنی غریق

(سالکین طریق سے تم کو تعجب ہے کہ حقیقت کے دریا میں ڈوبے ہوئے ہیں)

عشق مولیٰ کے کم از لیلیٰ بود　　گوئے گشتن بہر او اولیٰ بود

(خدا تعالیٰ کا عشق لیلیٰ سے کیا کم ہو اس کے لیے کوچہ گردی اولیٰ ہے)

اس تقریب ختم کلام مجید حفاظ کا بعوض ماہ رمضان میں یا سوم وغیرہ میں اور قبور پر بہ اجرت پڑھنے کا ممنوع ہونا بیان[1] ہوا۔

اولیاء کے بازاروں میں نہ جانے کی وجوہ

اور اہل اللہ دنیا کو تو اللہ کے نام اور رضا سے بڑا کیا سمجھتے۔ آیت سے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ دولت تو نعمائے جنت سے بھی افضل[2] ہے ورضوان من اللہ اکبر (رضاء الٰہی بہت بڑی چیز ہے) نص صریح ہے اور اسی دین فروشی[3] کے شبہ سے بچنے کے لیے بعض بزرگ بازار میں نہیں جاتے کہ شاید ان کو دیندار سمجھ کر ان کے دین کی وجہ سے کوئی دوکاندار داموں میں رعایت کرے تو وہ ایک قسم کا عوض ہوجائے گا دین کا پس نہ جانا بازار میں دو وجہ سے ہوتا ہے ایک کبر

---

(۱) تراویح میں قرآن پڑھ کر یا سوم اور قبروں پر قرآن پڑھ کر اجرت لینے کی حرمت کو بیان کیا (۲) یعنی ایک آیت کی تلاوت دنیا کی تمام نعمتوں سے تو افضل ہے ہی جنت کی سب نعمتوں سے بھی افضل ہے (۳) دین بیچنے

www.ahnafmedia.com

کی[1] وجہ سے وہ تو حرام ہے۔ دوسرا اس وجہ سے کہ لوگوں پر ہماری وجاہت سے دباؤ پڑے گا اور وہ دب کر ارزاں[2] دیں گے جس سے ان کو نقصان ہوگا سو یہ مستحسن اور ضروری ہے۔ اس میں شبہ دین فروشی سے بچنے کے علاوہ رفع التاذی عن الخلق[3] (مخلوق اذیت پہنچنا) بھی ہے۔ پس جاہ[4] کے اثر سے لینا یہ ایک قسم کی رشوت ہے۔ اسی لیے حاکم کو ہدیہ لینے کی اجازت نہیں۔ اس میں اس خدشے کو دفع کیا گیا کہ رسول اللہ ﷺ باوجود حاکم ہونے کے ہدیہ قبول فرماتے تھے کیونکہ وہ محض محبت کی وجہ سے ہوتا تھا نہ حاکم ہونے کی وجہ سے اور اب ہدیہ نہیں رشوت ہے۔ الا ماشاء اللہ۔

تعمیر مساجد کی حقیقت

اور اوپر جو کہا گیا کہ عمارت مسجد کی ذکر صلوۃ ہے۔ دلیل اس کی یہ ہے ماکان للمشرکین ان یعمروا مساجد اللہ الی[5] قولہ من المهتدین (مشرکین کے لیے مساجد اللہ بنانے کی لیاقت نہیں ہے) بعض نے اس آیت ماکان للمشرکین الخ سے تعمیر مساجد کا مسئلہ مراد لیا ہے اور اس سے مسجد میں کافر کا روپیہ نہ لگانے میں استدلال کیا ہے مگر میرے نزدیک خود وہ مسئلہ متعلق دوسرے دلائل سے متعلق ہے لیکن آیت سے مراد یہ ہے کہ مشرکین اس کے اہل نہیں ورنہ اگر اس آیت سے یہ مراد ہوتی تو رسول اللہ ﷺ کبھی بنائے قریش

---

(۱) بکسر کیونکہ ہے (۲) سستا (۳) مخلوق سے تکلیف کو رفع کرنا بھی ہے (۴) اقتدار کے اثر سے کیا (۵) آیت کا شروع آخر بتادیے اصل آیت یہ ہے ماکان للمشرکین ان یعمروا مساجداللہ شهدین علی انفسهم بالکفر اولئک حبطت اعمالهم وفی النار هم خلدون . انما یعمر مساجداللہ من آمن باللہ والیوم الاخر واقام الصلوۃ واتی الزکوۃ ولم یخش الا اللہ فعسی اولئک ان یکونوا من المهتدین.

www.ahnafmedia.com

کو باقی نہ رکھتے قریش نے بوجہ کافی خرچ نہ ہونے کے بیت کو بنائے ابراہیمی سے گھٹا دیا تھا اور حطیم کو کہ داخل بیت ہے خارج کر دیا تھا اور دروازہ صرف ایک رکھا تھا اور وہ بھی اونچا۔ پھر بعد انقضائے[1] زمانہ خلفائے راشدین حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے اپنی خالہ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے اس حدیث کو سن کر موافق ارشاد رسول اللہ ﷺ از سر نو بنائے ابراہیمی پر بیت کو بنوایا پھر عبدالملک کی خلافت میں اس کے عامل حجاج بن یوسف نے عبداللہ بن زبیر کے قتل کے بعد ان کی بنا کو تڑوا کر وہی بنائے قریش قائم کی اس کے بعد خلیفہ ہارون رشید نے پھر بنائے ابراہیمی کی نسبت امام مالکؒ سے استصواب[2] کیا۔ انہوں نے بدیں[3] وجہ کہ بیت اللہ تختہ مشق سلاطین بن جائے گا اسی بنا پر قائم رہنے کی رائے دی۔ جب سے اب تک اسی بناء پر ہے۔ اور گو عبداللہ بن زبیر کی بناء کا نہ رہنا ظاہراً کسی قدر افسوس کے قابل ہے کیونکہ وہ مستحسن مصالح کو تھا لیکن اس بنائے قریش پر قائم رہنے میں حق جل وعلیٰ کی معلوم نہیں کتنی مصلحتیں ہوں گی۔ مگر ایک بہت بڑی مصلحت اور کھلی حکمت جس کو گنوار سے گنوار بھی سمجھ سکتا ہے یہ ہے کہ اگر عبداللہ بن زبیرؓ کی بناء پر رہتا گو دروازے بھی زمین کے برابر دو ہی ہوتے مگر تاہم قفل کنجیاں تو خدام ہی کے ہاتھ میں رہتیں اور ہر کسی کو بیت اللہ کے اندر جانا نصیب نہ ہوتا مگر اس صورت موجودہ میں حطیم کہ در حقیقت داخل بیت تھا باہر ہے۔ اگر کوئی شخص خدام کے منع کرنے کی وجہ سے اندر بیت کے نہ جا سکتے تو بلا روک ٹوک حطیم میں جا سکتا ہے اور دخول بیت کی برکت حاصل کر سکتا ہے۔ یہاں پر یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ کفار مکہ مکرمہ نے بھی باایں ہمہ[4] شرک و کفر بیت اللہ کی تعمیر میں

---

(۱) کافی زمانہ گذرنے کے بعد (۲) مسئلہ معلوم کیا (۳) اس وجہ سے کہ بیت اللہ بادشاہوں کے لیے تختہ مشق بن جائیگا اسی تعمیر کے قائم رکھنے کی رائے دی (۴) شرک و کفر کے باوجود

www.ahnafmedia.com

صرف مال حلال خرچ کیا تھا اسی وجہ سے خرچ کم ہوگیا اور پورے طور پر بنائے ابراہیمی کو پورا نہ کرسکے غرض ماکان للمشرکین (نہیں مشرکین کے لیے) کا حاصل یہ ہے کہ مشرکین میں لیاقت مسجد کے آباد کرنے کی نہیں کیونکہ جس چیز سے اس کی آبادی ہے جس کا ذکر آیت آیندہ میں ہے وہ ان میں نہیں ہے۔ یعنی وہ تعمیر ذکراللہ[11] ہے جس کا بیان اس آیت میں ہے۔ انما یعمر مساجداللہ من آمن الی آخر الایتہ (اللہ تعالیٰ کی مساجد کو وہی بناتا ہے جو اللہ پر ایمان لائے الخ) اس آیت میں مقصود اصلی اقام الصلوۃ[12] ہے جس کے لیے مسجد موضوع[13] ہے اور آمن (ایمان لایا) بطور شرط کے لایا گیا اور آتی الزکوۃ (زکوۃ دی) اقسام کی تتمیم ہے یعنی اقامت بمعنی ادائے حقوق صلوۃ موقوف ہے خلوص اور محبت پر اور اس کی ایک علامت انفاق اموال ہے حاصل یہ کہ نرا ذکر زبان سے جیسا کہ نماز میں ہوتا ہے دلیل خلوص قلب کی نہیں بلکہ کچھ مال بھی دینا چاہیئے اور زکوۃ وہی دے گا جس کے قلب میں خلوص ہو کیونکہ کوئی حاکم تو مطالبہ کرنے والا ہے ہی نہیں اور اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ زمانہ خلفاء میں تو تحصیل زکوۃ کے لیے عامل مقرر تھے وہ جبراً لیتے ہوں گے پھر اس میں خلوص کہاں رہا جواب یہ ہے کہ عامل صرف مواشی کی زکوۃ لیتے تھے اور اموال باطنہ[14] زر و سیم خود مالکوں کے اختیار میں تھے مواشی کیلئے بھی عامل کا تقرر تحصیل مال یا ظلم کی وجہ سے نہ تھا بلکہ محض بہ نظر سہولت مصارف[15] تاکہ اصحاب اموال کو تقسیم اموال میں دقت نہ ہو[16] اور مال پورے طور پر مستحقین کو مل جائے اور اموال تجارت میں بھی حاشر کی

---

(۱) مسجد کی حقیقی تعمیر اس میں اللہ کا ذکر کرنا ہے (۲) نماز قائم کرنا (۳) بنائی گئی ہے (۴) سونا چاندی نقد رقم وغیرہ (۵) جانوروں میں سے زکوۃ کی وصولی کے لیے ملکوں کا مقرر (۶) ماں والوں کو تقسیم زکوۃ میں دقت نہ ہو

www.ahnafmedia.com

طرف سے کچھ زبردستی نہ تھی بلکہ پوچھا جاتا تھا کہ حولان حول سال گذرتا ہوا یا نہیں۔ اگر کسی نے کہا نہیں گذرا تو چھوڑ دیا اور اگر کسی نے کہا کہ ہم نے زکوۃ خود دیدی ہے تب بھی چھوڑ دیا۔

دوسری دلیل اس دعوے کی مسجد کا موضوع لہ ذکر ہے یہ آیت فی بیوت اذن اللہ ان ترفع الخ (ایسے گھروں میں جا کر عبادت کرتے ہیں جس کی نسبت اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے) اس میں رفعت معنویہ مراد ہے۔

تیسری دلیل حدیث انما بنیت المساجد لذکر اللہ (مساجد اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لیے بنائی گئی ہیں) پس جو کام ذکر کے متعلق نہ ہو وہ مسجد کی ویرانی ہے منع ہے۔ جیسا بعض کاتب بہ اجرت مسجد میں لکھنے بیٹھ جاتے ہیں یا درزی سینے بیٹھ جاتے ہیں، بلکہ فقہاء نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ جو شخص اجرت پر علم دین پڑھاتا ہو اس کو بھی مسجد میں بیٹھ کر پڑھانا منع ہے۔ علی ہذا القیاس مسجد میں قرآن خواں لڑکوں کا پڑھانا جن سے کسی قسم کی اجرت لی جاتی ہے ممنوع ہے البتہ درس دینیات بلا اجرت خود ذکر ہے اس کا کچھ مضائقہ نہیں، ایسا ہی معتکف کے لیے جو ذکر اللہ کی غرض سے مسجد میں آبیٹھا ہے اس کو بیع و شرا کا معاملہ بلا حضور مبیع بضرورت[1] جائز ہے تاکہ ذکر اللہ سے حرمان[2] نہ رہے ورنہ مشتغلین بالتجارت[3] کو اعتکاف کبھی میسر نہ آتا اور یہ شرط عدم حضور مبیع کی اس وقت ہے جب وہ متاع[4] مسجد کی جگہ کو گھیرے ورنہ اگر کوئی مختصر سی چیز ہو تو احضار سلعہ (سامان تجارت) بھی جائز ہے اور بجز معتکف[5] کے دوسرے کو خرید و فروخت

---

(۱) معتکف کو خرید و فروخت کرنا بغیر کسی چیز کے مسجد میں حاضر کیے جائز ہے (۲) تاکہ ذکر اللہ سے محروم نہ رہے (۳) تجارت میں مشغول لوگ یعنی بزاز (۴) مبیع کو مسجد میں حاضر نہ کرنے کے شرط جب ہے کہ وہ سامان مسجد کو گھیرے اور اگر کوئی مختصر چیز ہو جیسے ہاتھ کی گھڑی وغیرہ تو اس کا حاضر کرنا بھی جائز ہے (۵) علاوہ معتکف کے مسجد میں کسی اور شخص کے لیے خرید و فروخت منع ہے چاہے چھوٹی سی چیز ہی کیوں نہ ہو

www.ahnafmedia.com

کا معاملہ خواہ کیسا ہی چھوٹا ہو مشورہ زکاری وغیرہ کا لین دین مسجد میں منع ہے اسی طرح کسی ایسی چیز کا اعلان سے پوچھنا جو مسجد سے کہیں باہر کھوئی گئی ہو منع ہے۔ البتہ اگر مسجد کے اندر کوئی چیز گم ہو گئی ہو اس کا پوچھ لینا مضائقہ نہیں۔ اسی طرح اپنی تجارت کے اشتہار مسجد میں تقسیم کرنا ممنوع ہے۔

چوتھی دلیل دعوی مذکور کی یہ کہ حدیث میں قرب قیامت کی علامات میں وارد ہے مساجد ہم عامرۃ وھی خراب (مساجد ان کی آباد ہوں گی مگر خلوص سے کم ہوں گی) عمارت اور خرابی کا جمع ہونا اسی طرح ہوسکتا ہے کہ ظاہری عمارت میں تو بڑی زیب و زینت اور مجمع کی کثرت ہو گی مگر معنوی آبادی کہ ذکر و خلوص ہے کم ہو گا۔ اس سے بھی یہی بات ثابت ہوئی۔

پانچویں دلیل لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ شر البقاع (بری جگہیں) کیا چیز ہے اور خیر البقاع (اچھی جگہیں) کون سی جگہ ہے فرمایا مجھے معلوم نہیں جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا انہوں نے بھی یہی جواب دیا اور یہ کہا کہ دربار خداوندی سے دریافت کرکے جواب دوں گا چنانچہ وہ پوچھنے گئے اس وقت بہ برکت[1] اس مسئلہ کے پوچھنے کے حضور اقدس ﷺ کے لیے ان کو اس قدر قرب ہوا کہ وہ فرماتے ہیں کہ مجھ کو کبھی اتنا قرب نہیں ہوا یعنی ستر ہزار حجاب درمیان میں رہ گئے غرض دربار خداوندی سے جواب ارشاد ہو کہ شر البقاع[2] بازار ہے اور خیر البقاع[3] مسجد۔ سو غور کرنا چاہیئے کہ دونوں میں مابہ الامتیاز کیا ہے[4] بجز ذکر اللہ و ذکر الدنیا کے پس معلوم ہوا کہ مسجد کا موضوع[5] اصلی ذکر اللہ ہے پس اس میں ذکر الدنیا کرنا اس کو شر البقاع بنانا ہے جو کہ اس کی

---

(۱) اس مسئلہ کے پوچھنے کی برکت سے (۲) بری جگہیں (۳) اچھی جگہ مسجد ہے (۴) دونوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرنے والی چیز مسجد میں ذکر اللہ (۵) مسجد بنانے کی اصل غرض ذکر اللہ ہے

www.ahnafmedia.com

ویرانی ہے۔

آداب تعلیم و تعلم

اور اس جگہ پر آپ کے اور جبرئیل علیہ السلام کے لاادری (مجھے معلوم نہیں) فرمادینے سے ان لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہیئے کہ باوجود نہ معلوم ہونے کے مسائل کا غلط سلط جواب دینے پر مستعد ہو بیٹھتے ہیں، نیز وہ لوگ سمجھیں اور متنبہ ہوں جو باوجود کتاب کا مطلب نہ آنے کے طالب علموں کو کچھ نہ کچھ جواب دیے چلے جاتے ہیں اور یہ نہیں کہدیتے کہ یہ مقام نہیں آتا جو نہ معلوم ہو کہدینا چاہیئے کہ نہیں معلوم۔ بزرچمہر سے کسی بڑھیا نے کچھ پوچھا اس نے جواب دیا کہ مجھے معلوم نہیں۔ بڑھیا نے کہا کہ تم بادشاہ کی اتنی تنخواہ کھاتے ہو اور یہ بات تم کو معلوم نہیں۔ بزرچمہر نے جواب دیا تنخواہ تو مجھے معلومات کی ملتی ہے اگر مجہولات[۲] کی ملنے لگی تو بادشاہ کا سارا خزانہ بھی کافی نہ ہو۔

اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کا ستر ہزار حجاب کو کمال قرب کہنا قابل غور ہے کہ جو لوگ دنیا میں تھوڑا سا ذکر و شغل کرکے حق تعالیٰ کی رویت[۳] کی ہوس میں پڑتے ہیں کتنی بڑی غلطی ہے۔ کیا جبرئیل علیہ السلام سے زیادہ قرب چاہتے ہیں اور اس سے بھی بڑی غلطی ہے اگر رویت سے بڑھ کر ذات کی کنہ کو ادراک[۴] کرنا چاہیں کیونکہ خداوند تعالیٰ کی ذات کی کنہ تک رسائی نہیں ہوسکتی۔ اس لیے اس کو ہرگز نہ سوچنا چاہیئے۔ البتہ افعال خداوندی میں غور و تدبر کرنا چاہیئے تفکروا فی الاء اللہ ولا تفکروا فی ذاتہ (اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر غور کرو ان کی ذات

---

(۱) تنخواہ تو ان باتوں کی ملتی ہے جن کا علم ہے اگر ان باتوں کی ملے جن کا علم نہیں تو خزانہ بھی کافی نہیں اس لیے کہ وہ تو لاتعداد ہیں (۲) حق تعالیٰ کو دیکھنے کی خواہش کرتے ہیں (۳) اس سے بھی بڑی غلطی ہے اللہ کی ذات کی حقیقت کو معلوم کرنے کی کوشش کرنا

میں غور نہ کرو)

کسی بزرگ کا قول ہے۔

دور بینان بارگاہ الست غیر ازیں پے نہ بردہ اند کہ ہست

انچہ اندر راہ مے آید بدست حیرت اندر حیرت اندر حیرت است

(بارگاہ الست کے دور بین حضرات نے سوائے اس کے کہ موجود ہے کوئی سراغ نہ لگایا جو کچھ طریق میں ان کو حاصل ہوا ہے حیرت اندر حیرت اندر حیرت ہے)

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم وز ہر چہ گفتہ اند شنیدیم و خواندہ ایم

(اے اللہ آپ خیال اور قیاس گمان و وہم سے برتر ہیں جو کچھ لوگوں نے بیان کیا اور جو کچھ ہم نے سنا اور پڑھا ہے اس سے آپ برتر ہیں)

دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر ما ہمچناں در اول وصف تو ماندہ ایم

(دفتر تمام ہو گیا اور عمر انتہا کو پہنچ گئی ہم ایسے پہلے ہی وصف رہے ہیں)

ہاں البتہ قیامت میں حسب وعدہ رویت ذات بلا حجاب[1] ہوگی اور حدیث میں جو آیا ہے کہ اس دن کوئی اور پردہ نہ ہوگا بجز رداء الکبریا[2] کے اس سے بلا حجاب ہونے پر شبہ نہ ہوا کیونکہ اس کے معنی بھی یہی ہیں کہ رویت تو بلا حجاب ہوگی مگر عظمت و جلال و کبریائی کی وجہ سے احاطہ نہ ہو سکے گا۔ ردائے کبریا اس کو فرمایا ہے دنیا میں بلا حجاب رویت[3] نہیں ہو سکتی یہی عقیدہ اور مسئلہ شرعی ہے۔

شعر کی تشریح

اور حضرت پیران پیر سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہ العزیز کی طرف

---

(۱) البتہ قیامت میں اللہ کے وعدہ کے مطابق بغیر حجاب دیدار ہوگا (۲) کبریائی کی چادر (۳) دنیا میں بغیر حجاب اللہ کو کوئی نہیں دیکھ سکتا

www.ahnafmedia.com

جو یہ شعر منسوب ہے کہ۔

بے حجابانہ در آ از در کاشانہ ما[1]

تو یہ مسول بحجاب محجوبین غافلین[2] ہے یا قیامت کے روز کے لیے اشتیاق لقا کا اظہار فرماتے ہیں کیونکہ در آ میں "آ" صیغہ امر[3] ہے اور وہ استقبال کے لیے ہے اور اگر یہ شعر کسی اور شاعر کا ہو تو ہم کو ضرورت تاویل کی نہیں۔

مسجد میں کن باتوں کی اجازت ہے

غرض حدیث مذکور سے بازار کی سی باتیں مسجد میں کرنے کا مذموم[4] ہونا ثابت ہوا۔ بعض لوگ صحابہ پر تہمت لگاتے کہ وہ حضرات بھی مساجد میں ہماری طرح خرافات باتیں کیا کرتے تھے۔ سو یہ بالکل تہمت ہی تہمت ہے اگر صحابہ کرام ہی ارشاد نبوی ﷺ پر عمل کرنے والے نہ ہوں گے تو اور کون ہوگا۔ ایک تو خود دنیا کی باتیں مسجد میں کرنا ظلم تھا ہی۔ یہ ظالم صحابہ پر تہمت لگا کر اور بڑھ کر ظلم کرتے ہیں۔ یہ نہیں کہ خود توبہ کریں اور الٹا خیار امت[5] کو بدنام کرتے ہیں۔ البتہ بعض لوگوں کی یہ بھی غلطی ہے کہ وہ ہر بات کو دنیوی بات سمجھ جاتے ہیں مثلاً بیمار پرسی یا کسی مسلمان کا حال دریافت کرنا۔ جان لینا چاہیئے کہ عیادت اور تفقد حال[6] مسلم حقوق شرع میں سے ہیں۔ ان کا مسجد میں پوچھنا کچھ حرج نہیں اسی طرح اگر کوئی چیز مسجد میں گم ہوجائے تو اس کا پوچھنا بھی جائز ہے علیٰ ہذا معتکف کی خرید و فروخت جیسا اوپر مذکور ہوا اور شریعت نے کیا ہی آسانی رکھی

---

(۱) میرے کاشانہ میں بغیر حجاب کے چلے آئیے (۲) اس بے حجابی میں یہ تعدیل کی جاسکتی کہ غافلین کو جو حجاب آپ سے ہے اس کو اٹھا دیجیے۔ یہ معنی ہیں کہ قیامت کے دن آپ کو بے حجاب دیکھنے کا شوق ہے (۳) در آ میں "آ" امر کے لیے ہے جو برائے استقبال ہے (۴) برا ہونا (۵) پوری امت میں سب سے بہتر (۶) مزاج پرسی اور مسلمان کا حال معلوم کرنا

ہے اگر کوئی سوداگر اعتکاف کرنا چاہے اور اس کے لیے معاملہ مسجد میں ناجائز ہوتا تو وہ بیچارہ اس عبادت سے محروم رہتا۔ شریعت نے اس کے لیے اجازت دیدی تاکہ وہ اس عبادت سے محروم نہ رہے ایسی ہی باتیں شریعت کے حق ہونے کی گواہی دیتی ہیں کہ اس میں اہل تعلق کی بھی رعایت ہے۔ تارکین کی بھی رعایت۔

بہار عالم حسنش دل و جاں تازہ میدارد
برنگ اصحاب صورت را ببو ارباب معنی را

(اس کے عالم حسن کی بہار دل و جان کو تر و تازہ رکھتی ہے اصحاب ظاہر کو رنگ سے اور ارباب باطن کو حقیقت سے)

باقی غیر معتکف کے لیے ممانعت بیان ہوچکی۔ ایک بار مجھ کو اپنے ایک دوست کی کہ ان کو تلمذ[1] کا تعلق بھی تھا ایک بات نہایت پسند آئی کہ میں مسجد میں بیٹھا تھا ایک روپیہ کی ریزگاری ایک شخص سے خریدی انہوں نے فوراً متنبہ[2] کیا کہ یہ بیع ہے اور مسجد میں نہ چاہیئے۔ اہل حق کی یہ شان ہوتی ہے کہ اپنے بڑوں کو بھی کہدے مگر ادب کو نہ چھوڑے۔

محبوبین کی مختلف شکلیں

اس موقع پر اسی مناسبت سے یہ ذکر آیا کہ حضرت سید احمد بریلویؒ مولانا شہیدؒ کے پیر ایک دن صبح کی نماز میں بوجہ نئی شادی ہونے کے ذرا دیر سے پہنچے ان کے مرید مولوی عبدالحئی صاحب نماز کے بعد وعظ فرمانے بیٹھ گئے اس میں یہ بھی کہا کہ بعض لوگوں کا یہ حال ہے کہ جورو کی بغل میں پڑے رہتے ہیں اور تکبیر اولیٰ قضا ہوجاتی ہے۔ جناب سید صاحب نے نہایت شکریہ ادا کیا اور فرمایا کہ

(۱) کہ وہ شاگرد بھی تھے (۲) اس طرف توجہ دلائی کہ یہ خرید و فروخت ہے

اب ایسا نہیں ہوگا۔ اس بیان کے بعد فرمایا کہ مولوی عبدالحی صاحب نے باوجود یہ کہ ظاہراً یہ عنوان خلاف ادب تھا اس واسطے اس عنوان سے کہنے کی جرات کی تھی کہ ان کو معلوم تھا کہ سید صاحب کے دل میں اس سے میل نہیں آئے گا بلکہ خوش ہوں گے ان کو خوش کرنے کو بے ادبی اختیار کی۔

گفتگوئے عاشقاں در کار رب — جوشش عشق است نے ترک ادب

با ادب تر نیست زو کس در جہاں — بے ادب تر نیست زو کس در جہاں

(عاشقین خدا کا اس کی شان میں جوش اور غلبہ حال میں کوئی کلمہ منہ سے بظاہر خلاف شان نکال دینا بے ادبی نہیں ہے دنیا میں اس سے زیادہ بے ادب کوئی نہیں باطنی طور پر اس سے زیادہ با ادب کوئی نہیں)

ایسا ہی قصہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کا جو حدیث میں ہے کہ آں حضرت ﷺ نے فرمایا کہ مجھے معلوم ہے کہ جب تم مجھ سے خفا ہوتی ہو تو اس وقت لاورب ابراھیم (قسم ہے ابراہیم کی رب کی) کہتی ہو اور جس وقت خوش ہوتی ہو اس وقت لاورب محمد (ﷺ) کہتی ہو حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ لا اھجر الا اسمک (بجز آپ کے نام کے نہیں چھوڑتی ہوں) بعض باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ اگر کوئی اور کرلے بے ادبی میں داخل ہوجائے بلکہ کفر ہوجائے مگر عاشق صادق جوش محبت اور علاقہ محبت سے کرتا ہے اس لیے وہ عفو ہوتی ہیں حاصل یہ کہ ظاہراً باتیں بے ادبوں کی سی ہوتی ہیں اور باطناً ہوتی ہیں با ادب۔

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر — گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

جملہ عالم زیں سبب گمراہ شد — کم کسے زابدال حق آگاہ شد

گفت اینک ما بشر ایشاں بشر — ما و ایشاں بستۂ خواب یم و خور

این ندانستند ایشاں از عمے — در میاں قرنے بود بے منتہا

www.ahnafmedia.com

احمد و بو جہل در بت خانہ رفت زیں شدن تا آں شدن فرقیست ژرف

(نیک لوگوں کو اپنے اوپر قیاس مت کرو اگرچہ دیکھنے میں تمہارا اور ان کا کام یکساں ہو جیسے لکھنے میں شیر اور شیر یکساں ہے تمام دنیا اسی خام خیالی کی وجہ سے گمراہ ہو گئی کہ انہوں نے اولیاء اللہ کو نہ پہچانا اور کہنے لگے کہ ہم بھی انسان ہیں وہ بھی کھاتے پیتے ہیں ہم بھی کھاتے پیتے ہیں آپ نے یہ خیال نہ کیا کہ ان میں ہم میں بڑا فرق ہے احمد اور ابو جہل بت خانہ میں گئے ان کے اور ان کے جانے میں بڑا فرق ہے ابو جہل بت پرستی کے لیے گیا اور آپ ﷺ بت توڑنے کے لیے)

خلاصہ مطلب یہ کہ آداب مسجد کو بلا ارادہ قلب ایسا خیال کرنا چاہیے جیسا کہ حاکم دنیوی کی حضوری میں قلب اور جوارح کی حالت ہوتی ہے کہ اس کا مصداق بن جاتا ہے۔

یک چشم زدن غافل ازاں شاہ نباشی شاید کہ نگاہے کند آگاہ نباشی

(ایک پلک مارنے کی مقدار بھی محبوب سے غافل نہ رہو شاید تم پر لطف کی نگاہ کرے اور تم آگاہ نہ ہو)

اتنا تو ہونا چاہیے۔ اور ایسی حالت اول تو ہر وقت ہو اور نہ حضوری مساجد کے وقت تو ضروری ہے اور ہر وقت حاصل ہونا اس حالت کا یوں نہ سمجھا جائے کہ بزرگان پیشیں[1] پر ختم ہو گیا ہم کو کب ہو سکتا ہے۔

تو مگو ما را بداں شہ بار نیست با کریماں کار با دشوار نیست

(یوں مت کہو بھلا ہماری رسائی اس دربار تک کہاں ہے کیونکہ کریموں کو کسی کام دشوار نہیں ہے وہ کریم ہیں)

---

(۱) پہلے بزرگوں پر

www.ahnafmedia.com

صحابہ کا ادب مسجد

دیکھئے صحابہ کی کیفیت ادب مساجد کی یہ تھی کہ حضرت عمرؓ نے ان دو شخصوں کو جو مسجد نبوی ﷺ میں بلند آوازی سے باتیں کر رہے تھے تنبیہ فرمائی اور فرمایا کہ اگر تم باہر کے مسافر نہ ہوتے تو تمہیں سزا دیتا "اترفعان اصواتکما فی مسجدرسول اللّٰہ" (کیا تم مسجد رسول اللہ ﷺ میں اپنی آواز بلند کرتے ہو) اور اس میں یہ شبہ نہ ہو کہ یہ حکم عدم رفع صوت[1] مسجد نبوی ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ مساجد سب رسول اللہ ﷺ کی ہی ہیں چنانچہ فلا یقربنّ مساجدنا (پس ہرگز نہ قریب جائیں ہماری مساجد کے) میں آپ نے جمیع مساجد کی نسبت اپنی طرف فرمائی۔ ہاں مسجد نبوی ﷺ کا اور زیادہ ادب ہوگا علاوہ ازیں یہ تو ہے ہی کہ ان المساجد للّٰہ اور جب اللہ کی ہوئی تو یہ ادب کو بدرجہ اولیٰ مقتضی ہوگا۔

اہل مسجد کا ادب

اور جس طرح مسجد قابل ادب ہے ایسے ہی اہل مسجد کا ادب بھی ضروری ہے وہ یہ کہ ایسی کوئی حرکت نہ کرے جس سے اہل مسجد کو تاذی[2] ہو مثلاً یہ خیال رکھنا چاہئے کہ ایسی جگہ نہ کھڑا ہو جہاں اور آنے جانے والوں کو تکلیف ہو کیونکہ اس میں تکلیف ہے ذاکرین کو علیٰ ہذا ذکر جہر جس وقت کوئی اور شخص نماز پڑھ رہا ہو نہ کرنا چاہئے کیونکہ اس کی نماز میں خلل ہوگا اور اس کو تکلیف ہوگی اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ مسجدیں بموجب ارشاد نبوی ﷺ ریاض الجنۃ[3] ہیں اور جنت میں آزار، تکلیف نہ ہونا چاہئے۔

---

(۱) آواز کا بلند نہ کرنا (۲) تکلیف ہو (۳) جنت کے باغات ہیں

www.ahnafmedia.com

بہشت آنجا کہ آزارے نباشد کسے را با کسے کارے نباشد

(وہ جگہ بہشت ہے جہاں کسی قسم کی آزار نہ ہو کسی شخص سے کچھ سروکار نہ ہو)

ختم شد

معروضہ:

قارئین سے التجا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمادیں کہ ناشر اور اس کی اولاد کی کوشش دینیہ اللہ تعالیٰ قبول فرمالیں اور متبولان حق کے ساتھ محشور فرمادیں اور تمام زندگی بعافیت پوری فرمادیں۔ آمین بحرمۃ حضور سید المرسلین ﷺ[1]

(۱) اللہ تعالیٰ مجھی اس کی اولاد اور منتظمین ادارہ کے حق میں بھی اس دعا کو قبول فرمائیں۔ آمین برحمتک یا ارحم الراحمین

www.ahnafmedia.com

شرکائے امتحان سالانہ ۱۴۱۸-۱۹ھ مطابق ۱۹۹۸ء

۱- متوسطہ (اولیٰ، ثانیہ، ثالثہ)	۱۳۳
۲- ثانویہ عامہ (اولیٰ، ثانیہ)	۴۱
۳- ثانویہ خاصہ (اولیٰ، ثانیہ)	۳۲
۴- شہادۃ العالیہ (اولیٰ، ثانیہ)	۲۴
۵- شہادۃ العالمیہ (اولیٰ، ثانیہ)	۲۷
۷- قراءات سبعہ (اولیٰ، ثانیہ، ثالثہ)	۴۶
۸- قراءات ثلثہ	۸
۹- تجوید للعلماء	۱۴
۱۰- حفظ (قرآن مجید)	۲۵۴
۱۱- ناظرہ (قرآن مجید)	۱۶۲
میزان طلباء	۷۴۱

عملہ جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ

★- اساتذہ حفظ و ناظرہ	۱۲	★- عملہ مساجد	۷
★- اساتذہ تجوید و قراءات	۶	★- عملہ مطبخ و چوکیدار	۱۲
★- اساتذہ درس نظامی	۱۲	★- شعبہ اہتمام و انتظام	۱۲
★- اساتذہ مدّل	۲	میزان عملہ	۶۵ افراد
★- شعبہ تحقیق و کتب خانہ	۲		

www.ahnafmedia.com

مجوزہ میزانیہ برائے تعلیمی سال ۲۰-۱۴۱۹ھ مطابق ۱۹۹۹ء

★ تنخواہ عملہ ادارہ	۲۳۹۳۰۴۷/-
★ اخراجات گیس، بجلی، پانی اور فون	۷۰۴۶۴۳/-
★ مصارف مطبخ (طلباء) مع وظائف طلباء	۲۰۱۹۳۲۳/-
★ پوشاک و علاج معالجہ اور کتب و اسٹیشنری طلباء	۱۰۰۰۰۰۰/-
★ اسٹیشنری اور ڈاک خرچ جامعہ	۳۷۹۲۲/-
★ تبلیغ۔ نشر و اشاعت و جلسہ تقسیم اسناد	۱۷۳۶۹۲/-
★ سفر خرچ (اندرون و بیرون شہر بکار مدرسہ)	۳۸۳۳۹/-
★ مرمت اشیاء و عمارات مدرسہ (کامران بلاک پرانی انارکلی۔ دار الفلاح)	۱۶۳۸۶۵/-
★ تواضع مہمانان جامعہ (ضیوف جلسہ، بموقعہ امتحان سالانہ و امتحان وفاق المدارس)	۳۷۶۳۴/-
★ مفروشات، شامیانہ و باغبانی مدرسہ، اخراجات حصول چرم قربانی	۱۲۵۰۰۰/-
★ متفرق اخراجات	۲۰۵۲۸/-
★اس بجٹ میں جدید تعمیر کے اخراجات کا تخمینہ شامل نہیں	
میزان	۵۸۱۳۹۹۵/-

توضیحات

تنخواہ عملہ: اساتذہ و منتظمین، محققین ادارہ اشرف التحقیق، خطیب و مؤذن اور ملازمین ادارہ کل ۶۵ افراد کام کر رہے ہیں۔ بڑھتے ہوئے کام کے پیش نظر مزید

www.ahnafmedia.com

تقرریاں بھی ممکن ہیں۔

اخراجات گیس، بجلی، پانی اور فون: درس گاہوں، دارالاقامہ اور دفاتر میں ہر جگہ بجلی، پنکھے، گیس لیمپ، گیس چولہے حسب موقع فراہم کیے گئے ہیں۔ درس گاہوں میں روم کولر اور گیس ہیٹر بھی نصب ہیں۔ فون بھی ادارہ کی اہم ضرورت ہے۔

اخراجات مطبخ مع وظائف طلباء: امسال جامعہ میں ۷۴۱ طلباء زیر تعلیم رہے، ان میں سے ۳۵۸ طلباء کے قیام وطعام کا خرچ ادارہ کے ذمہ رہتا ہے۔ نیز بلحاظ درجہ طلباء کو نقد وظائف بھی دیے جاتے ہیں۔

پوشاک، علاج معالجہ اور کتب و اسٹیشنری طلباء: جامعہ میں مقیم طلباء کو گاہ بگاہ نئے کپڑے دیے جاتے ہیں اور علاج معالجہ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے نیز پرہیزی خوراک مہیا کی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں درسی کتب اور حسب موقع اسٹیشنری بھی جامعہ کی طرف سے طلباء کو دی جاتی ہے۔

اسٹیشنری اور ڈاک خرچ: دفتری امور کو چلانے اور ان میں باقاعدگی پیدا کرنے کے لیے مختلف قسم کی اسٹیشنری اور رجسٹر خریدے جاتے ہیں نیز جامعہ کا شعبۂ دعوت و تبلیغ ہر ماہ ایک دینی رسالہ تین ہزار شائع کرتا ہے جو بذریعہ ڈاک معاونین اور دیگر حضرات کو بھیجا جاتا ہے۔ ادارہ کا تعارفی لٹریچر اور رسیدات معطی حضرات کو رجسٹرڈ اور عام ڈاک سے بھیجے جاتے ہیں۔ اس مد میں اس کی ترسیل کے اخراجات شامل ہیں۔

تبلیغ و نشر و اشاعت: ادارہ کی طرف سے ہر ماہ دینی معلومات پر مشتمل ایک وعظ اصلاح و تبلیغ کی غرض سے شائع کیا جاتا ہے جو مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔ محافل

www.ahnafmedia.com

قراءات اور اصلاح و تربیت کی مجالس منعقد کرائی جاتی ہیں نیز جامعہ کی تقریبات کے اشتہارات اور تعارفی پمفلٹ شائع کیے جاتے ہیں۔

سفر خرچ: ادارہ کی ضرورت کے لیے اندرون و بیرون شہر سفر کرنا پڑتا ہے۔ چنانچہ مہتمم ادارہ اور دوسرے بکار جامعہ سفر کرنے والے حضرات کو اخراجات سفر دیے جاتے ہیں۔

مرمت اشیاء و عمارات جامعہ: جامعہ کی زیر استعمال اشیاء کی حسب ضرورت مرمت کرائی جاتی ہے اور جامعہ کی پرانی اور نئی عمارات میں رنگ و روغن، سفیدی اور ضروری مرمت کرائی جاتی ہے۔

جلسۂ تقسیم اسناد و تواضع مہمانان جامعہ: جلسہ تقسیم اسناد کا انعقاد نہایت ضروری امر ہے اس میں ملک بھر سے جید علماء اور قراء کرام کو مدعو کیا جاتا ہے۔ فاضل طلباء کو سندات اور دستار دی جاتی ہیں۔ اعلیٰ نمبروں میں کامیاب طلباء میں انعامات تقسیم کیے جاتے ہیں۔ مہمان قراء و علماء کو کرایہ آمد و رفت پیش کیا جاتا ہے ور مہمانان جامعہ کی ضیافت کی جاتی ہے۔

مفروشات، شامیانہ و باغبانی: ادارہ کی ضرورت کے مطابق چٹائیاں، مساجد کے لیے دریاں اور صفیں خرید کی جاتی ہیں۔ نیز جامع مسجد سراج میں موسم گرما میں جمعہ کے روز شامیانے لگائے جاتے ہیں جس کا کرایہ جامعہ کو ادا کرنا پڑتا ہے۔ جگہ کی قلت کے باوجود جامعہ میں گھاس کے مختلف پلاٹ چھوڑے گئے ہیں۔ جن کے چاروں طرف موسم کے مطابق مختلف قسم کے پھول پودے لگائے جاتے ہیں جو روح پرور منظر پیش کرتے ہیں۔ اس کام کے لیے مستقل مالی بھی رکھا گیا ہے اور پھول، پودوں کی پرورش کے لیے مختلف ادویہ اور کھاد خریدا جاتا ہے۔

www.ahnafmedia.com

www.ahnafmedia.com